موومنٹ فار پیس اینڈ جسٹس فار ویلفیئر

ایک مختصر تعارف

ایم پی جے ایک عوامی تحریک ہے، جو لوگوں کو ان کے آئینی حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرا کر رضاکارانہ کارروائی کے ذریعے معاشرے میں امن اور انصاف قائم کرنے کے لئے وجود میں آیا ہے۔

ویژن

ایم پی جے ایک ایسے پر امن اور منصفانہ معاشرے کا تصور کرتا ہے، جہاں مساوات، انصاف، ایمانداری اور انسانی وقار ہی پائیدار ترقی کے ستون ہوں اور معاشرے کے سب سے کمزور لوگوں کی اقتصادی، سماجی اور سیاسی حالت میں بامعنی تبدیلی ممکن ہو سکے۔ دراصل ایم پی جے کا تصور بھوک، امتیازی سلوک اور ناانصافی سے آزاد بھارت کا ہے۔

مشن

ایم پی جے کا ہدف معاشرے کے سماجی و اقتصادی طور پر محروم اور کمزور طبقوں کو خود کفیل بنانے اور انہیں بھارت کے آئین میں فراہم کردہ باوقار زندگی بسر کرنے کیلئے انکے حق کو حاصل کرنے کے قابل بنانے کے لئے کام کرنا ہے۔ ایم پی جے سماجی علیحدگی کو ختم کرنا چاہتی ہے اور عوام کو جمہوری اصولوں اور اقدار پر مبنی انکے حقوق کی شناخت اور مطالبہ کرنے کے لئے انہیں بااختیار بنانا چاہتی ہے۔

مصروف عمل

ایم پی جے سماجی، معاشی اور سیاسی انصاف؛ آزادیٔ خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛ مساوات بہ اختیار حیثیت اور موقع، حاصل کرانے کے لئے اور ان سب میں فرد کی عظمت کو یقینی بنانے والی اخوت کو فروغ دینے کے لئے کام کرنے کے لئے مصروف عمل ہے۔

طریقہ کار

ہم نے لوگوں کو بااختیار بنانے کے لئے حقوق پر مبنی نقطہ نظر (Rights Based Approach) اپنایا ہے۔

حقوق پر مبنی نقطہ نظر (Rights Based Approach)

انسانی حقوق پر مبنی نقطہ نظر کا مطلب یہ ہے کہ عوام کو ان کے حقوق کا پتہ ہونا چاہئے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ ان کی زندگی کو متاثر کرنے والی پالیسی اور طریق کار کی ترقی میں حصہ لینے اور جہاں ضروری ہو وہاں حقوق کے دعوے کرنے کے لئے ان کی مکمل مدد کی جانی چاہئے۔

اس نقطہ نظر کا مقصد لوگوں کو ان کے حقوق کو جاننے اور ان کے دعوے کے لئے بااختیار بنانا ہے۔ حقوق کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار افراد اور اداروں کی حقوق کا احترام کرنے، حفاظت کرنے اور پورا کرنے کی اہلیت اور جوابدہی میں اضافہ کرنا۔ یہ نقطہ نظر لوگوں کو انکے حصول حق کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرتا۔

ہم بطور Catalyst کام کرتے ہوئے لوگوں کو ان کا حق دلوانے کے لئے عوامی بیداری پروگرام، عوامی اجلاس اور میڈیا کے ذریعے ان کے حقوق متعلق ضروری اور اہم معلومات فراہم کرتے ہوئے ہندوستان کے آئین میں شامل ان کے حقوق کی شناخت کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ ہم عوامی دھرنا و احتجاج، عوامی شکایات درج کراکے، ایڈوکیسی اور میڈیا حساسیت کی تنظیم ذریعہ بھی لوگوں کو حقوق کا مطالبہ کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

وقار کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا حق آئینی ضمانت ہے:

"استحصال، تبعیض اور عدم مساوات سے پاک انسانی عظمت کے ساتھ زندگی بسر کرنا ہمارا بنیادی حق ہے۔"

ہمارا آئین مساوات، آزادی، ذاتی آزادی اور زندگی کی حفاظت کی ضمانت دیتا ہے۔

ہمارا آئین ہمیں "وقار اور آزادی کے ساتھ زندگی بسر کرنے "کا حق فراہم کرتا ہے۔ اس وقار کے ساتھ زندگی بسر کرنے میں تعلیم، صحت اور معیشت کے حقوق شامل ہیں۔

ایم پی جے کے اغراض ومقاصد:

- ملک اور معاشرے کی ترقی کے لئے معیارات کا تعین کرنا،
- آسان اور قابل رسائی عدالتی نظام کو یقینی بنانے کے لئے کام کرنا،
- انسانی حقوق کا احترام اور تحفظ کے لئے کام کرنا،
- مختلف کمیونٹی کے لوگوں کے درمیان باہمی برادرانہ اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے کام کرنا،

• معاشرے میں امن قائم کرنے کے لئے کام کرنا،

• معاشرے میں جمہوری اقدار کو فروغ دینے اور فاسسٹسٹ رجحانات کو ختم کرنے کے لئے کام کرنا،

• مذہبی، لسانی اور ثقافتی اداروں کے حقوق کی حفاظت کے لئے کے لئے کام کرنا،

• سماجی عدم مساوات، اقتصادی ظلم اور ناانصافی کے خاتمے کے لئے کام کرنا،

• معاشرے میں عورتوں کو حقوق دینے اور انہیں باوقار حیثیت فراہم کرنے کے لئے کام کرنا،

• معاشرے سے غربت، بیماری اور جہالت کو ختم کرنے کے لئے کام کرنا،

• حکومت اور انتظامیہ کو ان کی ذمہ داریوں کی یاددہانی کرانے کے لئے کام کرنا۔

ہماری سرگرمیاں:

• غذا کا حق

• تعلیم کا حق

• صحت کا حق

• اقلیتی حقوق،

• خواتین و نوجوانوں کی فلاح و بہبود

• غیر منظم محنت کش کی فلاح و بہبود

• عدالتی مداخلت

Connect with us

Movement for Peace & Justice for Welfare

mpjindia.org mpjblog.com /mpjindia @mpjindia

/mpjmaharashtra /mpjindia mpjmaharashtra@gmail.com

+91-9324201186

H.O.: 326, Ibrahim Rahmatullah Road, Pydhoni, Mumbai -400003